14 اکتوبر 2021ء

اسٹیٹ بینک پاکستان اور جرمنی کے سفارتی تعلقات کی 70 ویں سالگرہ پر یادگاری سکہ جاری کرے گا

حکومت پاکستان نے پاکستان اور جرمنی کے سفارتی تعلقات کی 70 ویں سالگرہ کے موقعے پر 70 روپے کا یادگاری سکہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ سکہ 15 اکتوبر 2021ء سے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے کاؤنٹرز سے دستیاب ہوگا۔ یاد رہے کہ پاکستان اور جرمنی کے سفارتی تعلقات 15 اکتوبر 1951ء کو قائم ہوئے تھے۔

سکے کا قطر 30.00 ملی میٹر اور وزن 13 گرام ہے جبکہ کنارے پر دندانے ہیں۔ سکے میں تانبا اور نکل استعمال کیا گیا ہے (تانبا 75 فیصد اور نکل 25 فیصد)۔ ڈیزائن کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

	سامنے کا رخ: سکے کے سامنے کے رخ کے درمیان مینار پاکستان کی تصویر ہے اور پس منظر میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں والا ستارہ ہے جس کا رخ بڑھتی ہوئی پوزیشن میں شمال مغرب کی جانب ہے۔ ستارے کے اوپر "ISLAMIC REPUBLIC OF PAKISTAN" کندہ ہے۔ تصویر کے نیچے اور گندم کی دو خمیدہ بالیوں کے اوپر اجرا کا سال 2021ء درج ہے۔ تصویر اور ہلال و ستارے کے دائیں اور بائیں جانب بالترتیب ابھرے ہوئے اعداد میں "70" اور "RS" تحریر ہے۔
	پچھلا رخ: سکے کے پچھلے رخ پر برلن، جرمنی کی 18 ویں صدی کی ایک یادگار برینڈن گیٹ کی تصویر بیچ میں موجود ہے۔ انگریزی میں "پاکستان اور جرمنی کے سفارتی تعلقات کی 70 ویں سالگرہ" کے الفاظ انگریزی میں کنارے پر لکھے ہیں۔ تصویر کے نیچے "2021-1951" تحریر ہے جو سفارتی تعلقات کے ستر برسوں کو ظاہر کرتا ہے۔

***